بسم الله الرحمن الرحيم

الصلوة والسلام علیک یا رسول اللہ

# موطا امام مالک

جامعۃ المدینہ چشتیاں شریف

## جامعۃ المدینہ چشتیاں شریف

## عبد الرحمن المدنی

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**موطاامام مالک۔۔۔سوالات**

عید کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں نیز عید الفطر و عید الاضحی کی وجہ تسمیہ بیان کریں

عید الفطر اور رمضان کے روزے کب مشروع ہوئے؟

عید کی نماز کے حکم میں آئمہ اربعہ کا اختلاف مع دلائل بیان کریں

۔عید کی نماز کا طریقہ لکھیں

ائمہ اربعہ کے نزدیک عیدین کے لیے اذان و اقامت کے بارے میں حکم اور عقلی و نقلی دلائل تحریر کریں

۔وہ کون سے افراد ہیں جو عیدین میں اذان و اقامت کے قائل ہیں ان کا رد بھی تحریر کریں

۔عیدین کے لئے اذان و اقامت کے علاوہ پکارنے میں ائمہ اربعہ کا اختلاف لکھیں۔

عیدین کے لیے غسل کرنا کیسا؟

**الامر بالصلوۃ**

عیدین اور جمعہ کے خطبے میں فرق کی توجیہ بیان کریں۔

عیدین کے دن روزہ رکھنا کیسا؟

۔اگر جمعہ و عید اکٹھے ہو جائے تو کیا حکم ہے ائمہ اربعہ کا اختلاف بالدلائل بیان کریں

امام کے علاوہ کون عید کی نماز پڑھا سکتا ہے؟ .1

۔ادائے جمعہ کے لئے لیے سلطان شرط ہے انہیں اختلاف بالدلائل بیان کریں؟

Scanned with CamScanner

ان الناس كانو يؤمرون۔۔عبارت کی وضاحت تحریر کریں .2

۔عید الفطر اور عید الاضحیٰ میں کب کھانا مستحب ہے؟

## باب ماجاء فی التکبیر

۔ان عمر ابن الخطاب سال ابا واقد اللیثی۔۔اس عبارت میں حضرت عمر کے سوال کرنے کی توجیہ بیان کریں؟

۔عیدین کی رکعتوں میں کن سورتوں کی قراءت کرنا مستحب ہے؟

۔ائمہ اربعہ کے نزدیک عیدین کی تکبیرات زوائد میں اختلاف مع دلائل بیان کریں۔

۔عیدین کی تکبیرات زوائد کے دلائل میں احناف پر ہونے والے اعتراض اور اس کا جواب لکھیں .3

۔اگر امام کے ساتھ عید کی نماز فوت ہو جائے تو کیا حکم ہے اختلاف مع دلائل بیان کریں۔

۔عید سے پہلے اور بعد میں نوافل پڑھنے میں علماء کا اختلاف لکھیں

۔نماز عید کا وقت کب سے کب تک ہوتا ہے نیز امام کو عید گاہ کی طرف چلنا چاہیے

۔خطبہ سننے سے پہلے واپس آنے کا حکم تحریر کریں .4

## العمل فی صلوٰۃ الکسوف

کسوف کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ بیان کریں نیز کسوف اور خسوف کا لفظ کس کے ساتھ خاص ہے؟

کسوف کی جماعت کے بارے میں علماء کا موقف تحریر کریں ؟

۔نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں کسوف کتنی بار اور کب پایا گیا؟

۔نماز کسوف کا طریقہ مع اختلاف و دلیل بیان کریں

جامعہ السیالیہ جیتال شریف

Scanned with CamScanner

نماز کسوف میں میں قراءت اور خطبہ کے متعلق اختلاف علماء تحریر کریں

نماز کسوف میں کتنی رکعتیں ہیں نیز تکبیرات زوائد میں علماء کا موقف لکھیں؟

نماز کسوف میں ہر رکعت میں کتنے رکوع ہیں اور کتنے نے قیام ہیں علماء کا اختلاف دلیل کے ساتھ بیان کریں

امام بخاری امام مسلم ابوداود نے کتنے رکوع والی روایات کا ذکر کیا؟

احناف ایک رکوع سے زائد والی روایات کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟

ائمہ اربعہ کے نزدیک کسوف کی نماز کب پڑھ سکتے ہیں اختلاف مع دلیل بیان کریں

**العمل فی الاستقاء**

استقاء کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں نماز استقاء کب مشروع ہوئی؟

امام اعظم کے نزدیک استقاء کی کیا حقیقت ہے؟

استقاء کے بارے میں ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کا موقف تحریر کریں؟

استقاء میں وقت اور خطبہ کے متعلق علماء کا موقف بیان کریں

استقاء میں چادر پلٹنے کے متعلق علماء کا موقف بیان کریں

نماز استقاء کے طریقے میں ائمہ کا اختلاف مع دلیل بیان کریں

استقاء میں کن سورتوں کی قرات مستحب ہے نیز اس کی کتنی رکعتیں ہیں

جامعہ الفلاح جبال شریف

Scanned with CamScanner

## استقبال قبلہ

صحابہ کرام امام اعظم امام مالک امام شافعی قضائے حاجت کے وقت استقبال قبلہ واستدبار قبلہ کے متعلق اختلاف بالدلیل بیان کریں۔

عبداللہ بن عمر کی روایت کے بارے میں احناف کا موقف و جواب لکھیں

قبلہ کی طرف تھوکنے کے بارے میں حکم تحریر کریں

عورتوں کا مسجد میں حاضر ہونے میں ائمہ کا اختلاف مع دلیل بیان کریں

## باب القرآن

قرآن پاک کو بے وضو چھونے کا حکم نیز رحل کو بغیر وضو چھونے کا حکم مع اختلاف و دلیل بیان کریں۔

بے وضو قرآن پاک کی تلاوت کا حکم بیان کریں۔

قرآن پاک کے حصوں کو مقرر کر کے پڑھنے کا حکم تحریر کریں

ان ھذا القرآن منزل علی سبعۃ احرف ابن سعادان نحوی اس قول کے بارے میں کیا کہتا ہے بیان کریں

اس عبارت میں لفظ احرف کا دوسرا تیسرا چوتھا معنی بیان کریں. اور علامہ سیوطی علیہ رحمہ کا قول بھی نقل کریں.

حضرت شاہ ولی اللہ کا اس عبارت کے متعلق قول ذکر کریں

وحی کی تعریف قسمیں اور صورتیں تحریر کریں

وہ دین سے نکل جائیں گے. اس میں لفظ دین کی توجیہ بیان کریں

جامعہ اسلامیہ حسینی شاہ شریف

Scanned with CamScanner

## باب ماجاء فی سجود القرآن

آئمہ اربعہ کے نزدیک سجدہ تلاوت کے حکم میں اختلاف و دلائل تحریر کریں.

آئمہ اربع اور اسحاق بن راہویہ کے نزدیک سجدے کی تعداد کے متعلق اختلاف مع دلائل تحریر کریں

آئمہ اربعہ کے نزدیک سجدہ تلاوت کا طریقے کے متعلق اختلاف دلیل کے ساتھ بیان کریں

سامع پر سجدہ واجب ہونے کی شرائط میں آئمہ کا اختلاف دلیل کے ساتھ تحریر کریں

آئمہ اربعہ کے نزدیک سجدہ تلاوت کے لیے طہارت شرط ہونے اور نہ ہونے کے بارے میں موقف تحریر کریں نیز محمد بن جریر طبری کے ساتھ اختلاف مع دلائل تحریر کریں۔

علامہ عینی رحمتہ اللہ علیہ کی طرف سے ان دلائل کے درمیان تطبیق بیان کریں

### اوقات مکروہ

کون سے اوقات میں نماز پڑھنا مکروہ ہے؟ اختلاف ائمہ دلائل کے ساتھ تحریر کریں

### کتاب الاعتکاف .

اعتکاف کا لغوی و اصطلاحی معنی نیز اعتکاف کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں. اور ان کی تعریفات تحریر کریں.

اعتکاف میں روزے کے بارے میں حکم کے متعلق ائمہ اربعہ کا اختلاف دلیل کے ساتھ تحریر کریں

آئمہ اربعہ اور محمد بن لبابہ کے نزدیک مردوں کا اعتکاف کس جگہ ہونا ضروری ہے؟ دلائل کے ساتھ لکھیں.. .

امام اعظم امام احمد, امام ابو یوسف, امام شافعی اور امام مالک کے نزدیک کس مسجد میں اعتکاف ہونا ضروری ہے

آئمہ اربعہ کے نزدیک اگر معتکف جمعہ کے لیے نکلا تو کیا حکم ہے؟ اختلاف دلائل کے ساتھ لکھیں.

Scanned with CamScanner

آئمہ اربعہ کے نزدیک عورت کا اعتکاف کس جگہ ہوگا؟ اختلاف دلائل کے ساتھ تحریر کریں

آئمہ اربعہ کے نزدیک معتکف کا عورتوں کو چھونے کے متعلق حکم میں اختلاف مع دلائل تحریر کریں.

آئمہ اربعہ کے نزدیک معتکف کا جان بوجھ کر یا بھول کر جماع کرنے کے بارے میں حکم میں اختلاف مع دلائل بیان کریں.

معتکف کا جان بوجھ کر یا بھول کر فرج کے علاوہ جماع کرنے, چھونے اور, بوسہ لینے کے متعلق حکم بیان کرے.

آئمہ اربعہ کے نزدیک اگر کوئی اعتکاف شروع کر کے توڑ دے تو کیا حکم ہے؟ اختلاف مع دلائل تحریر کریں.

اعتکاف میں نکاح کرنے کا حکم نیز معتکف. جنازے کے لیے اور مریض کی عیادت کے لیے جا سکتا ہے؟ حکم تحریر کریں.

## کتاب الصید

شکار کی کتنی اور کون کون سی قسمیں نیز شکاری کتے کی کتنی اور کونسی شرائط ہیں بیان کریں.

اگر کتے نے شکار میں سے کھا لیا تو اس میں آئمہ کا اختلاف دلائل کے ساتھ لکھیں.

آبی جانوروں کی حلت و حرمت پر آئمہ کا مؤقف و اختلاف دلائل تحریر کریں

سمک طافی کی علت و حرمت کے بارے میں آئمہ کا اختلاف مع دلیل بیان کریں

گھوڑے کی حلت و حرمت کے متعلق آئمہ کا اختلاف مع دلائل تحریر کریں

گدھے اور خچر کی حلت و حرمت کے متعلق علماء کا موقف تحریر کریں.

مردار کی کھال سے نفع اٹھانا کیسا؟ موقف تحریر کریں اور راجح قول کو بھی بیان کریں. اور چند وجوہات بھی تحریر کریں

حالت اضطرار کی تعریف اور یہ بتائیں کہ کتنے اور کون سی صورتوں میں پیش آ سکتی ہیں۔

Scanned with CamScanner

علمائے کرام کے نزدیک کتنی مقدار میں مردار کا کھانا حلال ہے۔نیز بوقت اضطرار مردار کا کھانا مباح ہے یا واجب بیان کریں

حالت اضطرار میں مردار کا کھانا سفر میں ہو گا یا حضر میں؟

امام مالک و امام شافعی کے نزدیک حالت اضطرار کی صورت میں سفر معصیت میں مردار کے کھانے کا حکم بیان کریں.

مضطر کو مردار کھانے کے بعد زاد راہ کے طور پر اپنے ساتھ لے جانے کے بارے میں حکم بیان کریں.

## عقیقہ کا بیان

علمائے کرام کے نزدیک عقیقہ کا حکم بیان کریں. اور احناف کی طرف سے عقیقہ کے وجوب کے قائل کا رد بھی تحریر کریں.

لڑکی اور لڑکے کے عقیقہ میں کیا چیز ذبح کی جائے گی.؟ اختلاف آئمہ مع دلیل تحریر کریں.

## کتاب الوصیۃ

وصیت کا لغوی و اصطلاحی معنی نیز وصیت کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں. بیان کریں.. ؟

فرقہ ظاہریہ اور جمہور علمائے کرام کے نزدیک وصیت کا حکم بیان کریں.

طالب دعا

عبدالرحمن المدنی

مدرس جامعۃ المدینہ چشتیاں شریف

مع درجہ سادسہ

جامعۃ المدینہ چشتیاں شریف

Scanned with CamScanner